تبصرے

MUSLIM PHILOSOPHY ازجناب ایم سعید شیخ، تقطیع متوسط، ضخامت ۲۳۵ صفحات، ٹائپ جلی، قیمت مجلد سات روپیہ اٹھ پیسے، پتہ:- پاکستان فلاسفکل کانگریس، کلب روڈ، لاہور۔

اگرچہ عموماً فلسفہ کا لفظ ایک ایسے محدود معنی میں استعمال ہوتا ہے جس کی وجہ سے وہ علم کلام سے متمیز ہوجاتا ہے لیکن اس کتاب میں فاضل مصنف نے جو گورنمنٹ کالج لاہور میں فلسفہ کے پروفیسر ہیں۔ فلسفہ سے وہ عام معنی مراد لئے ہیں جس کے تحت فلسفۂ محض اور علم کلام اور تصوف یہاں تک کہ فلسفۂ تاریخ سب زیر بحث آجاتے ہیں، چنانچہ اس کتاب میں پہلے معتزلہ، اشاعرہ، طبقۂ صوفیاء اور اخوان الصفا کی تاریخ اوران کے بنیادی افکار و آراء پر گفتگو کی گئی ہے اور پھر مشاہیر فلاسفۂ اسلام کندی، رازی، فارابی، ابن سینا غزالی، ابن ماجہ، ابن طفیل، ابن رشد، اور ابن خلدون کا الگ الگ تذکرہ کیا گیا ہے، آخر کے دس صفحات میں کتاب کے ہر موضوع بحث سے متعلق منتخب ماٰخذ کی ایک جامع فہرست ہے جو فلسفہ کے طلباء کے لئے بڑی مفید چیز ہے، کتاب اگرچہ مختصر ہے لیکن جیسا کہ فاضل مصنف نے خود دیباچہ میں اور پروفیسر ام، ام شریف نے مقدمہ میں لکھا ہے یہ کتاب ایک ٹکسٹ بک کی حیثیت رکھتی ہے جس کا مقصد قارئین کو مسلم فلسفہ سے متعارف کرنا ہے اور اس میں شبہ نہیں اس حیثیت سے یہ کتاب بہمہ وجوہ کامیاب ہے اور اس لائق ہے کہ یونیورسٹیوں کے فلسفہ کے نصاب میں شامل کی جائے۔

THE FOUNDETIONS OF THE ARTICLES OF FAITH از نبیہ امین فارسی تقطیع متوسط ضخامت ۱۴۴ صفحات ٹائپ جلی، قیمت مجلد آٹھ روپیہ، پتہ:- شیخ محمد اشرف، کشمیری بازار لاہور۔

امام غزالی کی کتاب "احیاء علوم الدین" اسلامی حقائق و معارف کی انسائیکلوپیڈیا ہے جو اہل علم میں